اختیاری ماڈیول نمبر 3B   سبق نمبر 29B فیچر

عملی کام/سرگرمیاں	زبان کی مہارتیں				نظم کا نام	سبق نمبر
	اصناف/ قواعد	لکھنا	پڑھنا	سننا/ بولنا		
فیچر سبق کا مطالعہ کرنا	فیچر سبق	سوالات کے جوابات	فیچر	نئے الفاظ اور محاوروں کو اپنی گفتگو میں استعمال کرنا	فیچر	29B

فیچر سبق کا تعارف:-

کسی شے، فرد، ادارہ یا سماجی رسم ورواج پر ہلکا پھلکا بیانیہ مضمون "فیچر" کہلاتا ہے۔ فیچر میں روزمرہ کے اخبارات اور رسائل میں شائع ہونے والی خبروں کا عام زندگی پر کیا اثر ہوا؟ اس پر عوام نے کیا ردعمل کیا؟ ان خبروں اور واقعات سے عوام کی امیدوں، آرزوؤں، رنج وغم کا کیا تعلق ہے۔ یا ان واقعات کے پیچھے جو عوامل کارفرما ہیں۔ ان سے واقف ہو کر قاری کو کس طرح کا اطمینان ہوا۔ ان تمام باتوں کو پیش کیا جاتا ہے۔ فیچر کا عنوان عام طور سے پرکشش اور دل کو چھونے والا ہوتا ہے۔ فیچر اخبار ورسائل میں چھپنے کے ساتھ ریڈیو پر سنے بھی جاتے ہیں۔ ساتھ ہی ٹی وی پر دیکھے بھی جاتے ہیں۔ اخبارات میں فیچر کو مخصوص جگہ دی جاتی ہے۔ کبھی اسے Box میں تو کبھی صفحہ اول پر نمایاں طور پر شائع کیا جاتا ہے۔ فیچر کے اندازِ بیان میں تنوع ہوتا ہے۔

فیچر میں اختصار بھی ضروری ہے۔ طوالت فیچر کو بے مزہ کر دیتی ہے۔ فیچر میں عام فہم سادہ سلیس زبان کا استعمال کرتے ہیں۔

فیچر میں کسی ایک ہی خیال کو خوبصورت انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔ دوسرے خیال کی آموزش نہیں کی جاتی ہیں۔ فیچر لکھتے وقت رسمی اصول و پابندیوں کی قید نہیں ہوتی ہے۔ جیسے افسانہ نگاری یا مضمون نگاری میں ہوتی ہے۔ فیچر ہلکا پھلکا ادب کہلاتا ہے۔ فیچر تحریر میں دلچسپی کے لئے ڈرامائی کیفیت پیدا کی جاسکتی ہے۔ فیچر کے لئے بے شمار موضوعات ہو سکتے ہیں۔ جیسے تحقیقات، فیشن، موسمیات، ٹیلی ویژن پروگرام، موٹر کار، ڈاک ٹکٹ، باغبانی وغیرہ وغیرہ۔ غرضیکہ آسمان اور زمین کے درمیان کی کسی بھی شے کو فیچر کا موضوع بنایا جاسکتا

ہے۔اس کے لیے قوت مشاہدہ،وسیع تجربات اور معلومات کی ضرورت ہے۔

سمجھنے کی باتیں:-

فیچر میں کافی باتیں سمجھنے کی ہے۔اخباروں میں شائع ہوئی خبروں کا عوام پر کیا اثر ہوا۔خبروں پر رد عمل مثبت رہا یا منفی۔ایسی باتوں کو ہلکے پھلکے انداز میں لکھنے کو "فیچر" کہتے ہیں۔اسے سادہ سلیس زبان میں تحریر کیا جاتا ہے۔فیچر مختصر مگر جامع ہونا ضروری ہے۔فیچر کسی بھی عنوان پر لکھا جاسکتا ہے۔فیچر کا عنوان دلکش اور خوبصورت ہونا چاہیے۔

خاص باتیں:-

فیچر اس سبق میں بہت سی خاص باتیں ہیں۔ فیچر، ہلکے پھلکے انداز میں آسان زبان میں کسی موضوع پر مختصر بیانیہ مضمون ہوتا ہیں۔فیچر کی زبان مضمون نگاری کی زبان سے آسان ہوتی ہے۔فیچر لکھتے وقت مضمون نگاری کے سخت اصولوں کی پابندی نہیں کی جاتی ہے۔ فیچر کی اہم خوبی اختصار ہے۔فیچر لکھتے وقت اظہار بیان میں تنوع پیدا کیا جاتا ہے۔فیچر لکھتے وقت قاری کی دلچسپی ملحوظ ہونی چاہیے۔

متن پر مبنی سوالات:-

درست جواب پر صحیح کا نشان لگائیں۔

1-فیچر بڑھ کر لطف حاصل ہوتا ہے کیوں کہ:

الف-اس کی زبان مشکل ہوتی ہے۔

ب-یہ مضمون سے الگ ہے۔

ج-یہ ہلکے پھلکے انداز میں لکھا جاتا ہے۔

2-فیچر کے اظہار بیان میں:

الف-نیاپن ہوتا ہے۔

ب-تنوع ہوتا ہے۔

ج-تضع ہوتا ہے۔

مختصر جواب والا سوال

فیچر کی کوئی پانچ خصوصیات بیان کیجئے؟

مختصر جواب والا سوال

فیچر لکھنا مضمون نگاری سے کس طرح الگ ہے بیان کیجئے؟

طویل جواب والا سوال

کسی ایک موضوع پر فیچر تیار کیجیے اور لکھئے؟